

# EFU CASHLESS HEALTH PROTECTION PLAN

## Introduction:

JazzCash, in partnership with EFU Life, introduces the EFU Cashless Health Protection Plan a simple and reliable health insurance solution that protects you and your loved ones, including your spouse, children, and parents. The plan covers in-patient hospitalization, day-care procedures, maternity expenses, and pre-existing conditions (as per policy terms), offering financial protection against unexpected illnesses or accidents. With cashless treatment at 390+ network hospitals across Pakistan, OPD reimbursement, and EFU mHealth services, it ensures hassle-free healthcare coverage with minimal paperwork.

## EFU Profile

EFU Life is a leading life and health insurer in Pakistan's private sector. Established in 1992 as the first private life insurance company, EFU Life has built a strong reputation over 32 years by providing reliable financial planning and protection solutions. The company operates through Sales Force, Bancassurance, Group Life, and Group Health channels, and offers a wide range of retail, digital, and inclusive insurance products to serve customers across all income segments.

### What will be the scope of the cover?

The product's primary objective is to deliver quality health insurance protection to insured members in case of unexpected illnesses or accidental injuries resulting in hospitalization.

### Product Feature:

- Coverage for in-patient hospitalization
- Cashless treatment at 390+ EFU Life network hospitals across Pakistan
- Coverage for day-care procedures
- OPD expense reimbursement
- Accidental emergency coverage
- Maternity expenses
- Pre-existing conditions coverage
- Coverage for the entire family – self, spouse, children, and parents
- Access to EFU mHealth services
- Simple enrolment
- Affordable and value-for-money health protection

### Eligibility Criteria

- Adult Ages: 18 – 60 years (Individual & Spouse)
- Children: Newborn shall be enrolled at the time of birth and the coverage starts after 3 months
- For Daughter: 3 Months onwards – Till Marriage
- Maternity Eligibility ages: 18 – 45 years of age
- Parental Coverage upto 70 Years
- Admissible Relations: Plan is only offered for Self with the option to extend coverage to family members including Spouse , children & parents.

### Room Entitlement & Annual Limits

All plans offer private room accommodation. You can choose an annual coverage limit of PKR 200,000, PKR 400,000, or PKR 600,000, allowing you to select the plan that best suits your healthcare needs and budget.

### In Patient Hospitalization:

The policy covers the following in-patient hospitalization expenses:

- Room charges as per entitlement
- General nursing services
- ICU / CCU charges
- Physician, specialist, and surgeon fees
- Medicines and laboratory tests
- Operation theatre and anesthetist charges
- Oxygen and blood supplies

## Plan Coverage Details
## EFU Cashless Health Protection Plan

The plan is available in three distinct variants, allowing you to choose a package that best suits your needs. The coverage limit is on a floater basis, protecting the entire family under a single limit.

| Product Features | Individual | Family | Family Plus |
|---|---|---|---|
| Annual Limits (Per Year) | 200,000 | 400,000 | 600,000 |
| Covered Members | Individual | Individual, Spouse & 2 children | Individual, Spouse, 2 children & parents |
| Room Type | Private | | |
| Additional Limit (in case of Hospitalization due to Accident) | 50,000 | 100,000 | 150,000 |
| Additional General OPD Coverage (Reimbursement Basis, entire family) | 2,500 | 5,000 | 10,000 |
| Day Care Procedures | Covered | | |
| Special Investigations | MRI, CT scan, Thallium Scan, PET Scan & ECHO | | |
| Emergency Evacuation | Covered | | |
| Pre & Post Hospitalization Expenses | 30 Days Covered | | |
| Emergency International Coverage | Covered (subject to the availability of basic annual limit) | | |
| Emergency Local Ambulance | Covered | | |
| Accidental Emergency Coverage | Covered | | |
| Accidental Dental Treatment | Covered | | |
| Pre-existing conditions covered | 1st year 25% of Annual Limit<br>2nd year 50% of Annual Limit<br>3rd year 100% of Annual Limit | | |
| Maternity Normal delivery Limits | 20,000 | 40,000 | 60,000 |
| Complicated/Assisted Delivery or C-Section | 40,000 | 80,000 | 120,000 |
| Value Added Features | EFU M-Health & Access to Lab Discounts (Free for entire family) Covered | | |
| **Annual premium** | **10,000** | **25,000** | **49,500** |

All Amounts in PKR

## Additional Accidental Hospitalization Limit

If your annual coverage is exhausted due to an accidental hospitalization, an extra limit (based on your plan) will be provided for continued treatment. This benefit applies only to accidents listed under "Accidental Hospitalization".

## Additional General OPD Coverage (Reimbursement Basis):

The plan provides additional outpatient (OPD) coverage for the entire family on a reimbursement basis. This means you can claim doctor consultations, diagnostic tests, and prescribed medicines for covered conditions, and be reimbursed up to your plan's limits, helping you manage routine healthcare expenses conveniently.

## Day Care Procedures:

In addition to in-patient hospitalization, the Plan provides coverage for Day Care procedures medical or surgical treatments that require hospital admission but do not involve an overnight stay. These procedures include Angiography, Endoscopies, Cataract Surgery, Dialysis, Chemotherapy and other surgeries or diagnostic treatments etc.

## Specialized Investigations

The plan covers high-cost outpatient diagnostic tests and specialized investigations even without hospitalization such as MRI, CT scan, Thallium scan, PET scan, and ECHO. This ensures timely diagnosis with advanced testing, providing peace of mind and financial relief.

## Miscellaneous Expenses

In addition to core benefits, the plan provides supplementary coverage for emergencies, including:

- Local ambulance charges
- Emergency evacuation services
- Emergency dental treatment (for pain relief)
- 24/7 medical assistance helpline: (021) 111-338-338
- EFU mHealth services (042-111-333-033)

## Pre & Post-Hospitalization Benefits

The plan covers related outpatient expenses around hospitalization:

- Pre-Hospitalization: Doctor consultations, medicines, and tests up to 30 days before a covered hospitalization.
- Post-Hospitalization: Similar expenses up to 30 days after discharge.

## Emergency Accidental Out-Patient Treatment

In case of an accident, the plan provides immediate outpatient care for injuries such as stitches, wound dressing, tetanus injections, or X-rays—even if hospitalization is not required. This benefit covers treatment received in the Emergency Room (ER) or OPD within 48 hours of the accident, ensuring timely care and peace of mind.

## Emergency International Coverage

The policy pays for expenses incurred on Emergency Treatment outside Pakistan subject to certain terms and conditions

## Pre-Existing Conditions Coverage

Pre-existing medical conditions are covered under this plan.

- 1st Year: 25% of the annual limit
- 2nd Year: 50% of the annual limit
- 3rd Year onward: 100% of the annual limit

## mHealth:

With our mHealth facility, you can easily consult with qualified doctors online mHealth no hospital visit needed. It's a convenient, fast, and hassle-free way to get medical advice from the comfort of your home.

## Maternity Coverage:

Available for women aged 18 to 45 years after a 9-month waiting period, this benefit covers expenses for both normal and caesarean deliveries, providing financial support for a safe and worry-free maternity experience.

## HEALTH CARD:

You will receive a Health Card with your policy that will contain important information about your policy. The Health Card will identify you as an EFU Life insured at our Network Hospitals and entitles you to the Credit Facility

## Network Hospitals

EFU Life has a wide network of 390+ approved hospitals across Pakistan, ensuring quality health-care is always accessible.

Prominent Network Hospitals:

- Karachi: Aga Khan University Hospital, South City Hospital, OMI, Dr. Ziauddin Hospital, Liaquat National Hospital
- Islamabad: Shifa International Hospital, Bilal Hospital
- Lahore: Shaukat Khanum Hospital, Fatima Memorial Hospital, Ittefaq Trust Hospital
- Other Cities: Hyderabad, Sukkur, Quetta, Peshawar, Faisalabad, Multan

For a full list of hospitals, contact our representative or visit: www.efulife.com/branch-locator

## Advantages of Network Hospitals

- Access quality treatment without paying upfront
- Direct bill settlement by EFU Life via a simple pre-authorization process
- No financial burden, allowing you to focus fully on recovery

## Reimbursement Facility

- If treatment is received outside the network, you can pay first and file claim reimbursement
- Reimbursement is based on reasonable & customary charges comparable to network hospitals
- Network hospitals are recommended for quality care and hassle-free claim settlement

## Other Benefits

- 24-Hour Medical Hotline:
  Access medical doctors round-the-clock for assistance during emergencies. (021) 111-338-338

- Customer Service:
Dedicated customer relations staff to provide clarifications and policy support. (021) 111-4357-00

- Integrated Healthcare:
Ensures you receive the most appropriate treatment from the right doctor, following International Medical Guidelines during hospitalization.

- Lab Discounts:
Enjoy exclusive discounts of up to 30% at selected labs, reducing the cost of various tests and procedures.

## Inadmissible Conditions

This Plan is not available to people suffering from (pre-existing) Cancer and HIV/AIDS.

## Exclusions:

The following Treatments, events, conditions, activities and their related or consequential expenses are excluded from the Membership, unless specifically agreed upon in writing by the Company:

• Any treatment or operation deemed 'medically unnecessary' including plastic surgery, spa treatment, tests or treatments related to fertility, infertility, contraception or sterilization and prostheses, corrective devices and medical appliances not surgically required.
• Birth defects or congenital Illness (Congenital illnesses are permanently excluded and will not be covered under pre-existing conditions)
• Self-inflicted Injury, attempted suicide, abuse of alcohol, drug addiction or abuse and Treatment of any sexually transmitted diseases.
• Psychotic, mental or nervous disorders (including any neuroses and their physiological or psychosomatic manifestations) or sexual reassignment (whether for psychological reasons). e. Any experimental or unproven Treatment.
• Participating in exercises or operations while serving with either of the armed or paramilitary forces or while performing any form of police duty.
• Injury or Illness due to Natural Catastrophes, Epidemic, including, but not limited to, flood, earthquake, avalanche and cyclone.
• Treatment received outside Pakistan, except in case of an Emergency and provided the treatment is otherwise covered under the policy and does not fall under any of the exclusions. The Company will reimburse such expenses in line with the treatment cost incurred at any Network Hospital in Pakistan, subject to availability of limit.
• Pre-existing Maternity Conditions shall be covered, subject to nine (09) months' waiting period under Maternity Care benefits limits.
• Fertility/Infertility and related treatments
• Any cosmetic surgeries.

## Frequently Asked Questions (FAQs)

**1.** Who can be covered?
Individual, spouse, and up to 2 children (subject to eligibility).

**2.** What maternity benefits are included?
Covers normal and C-section delivery. 9-month waiting period applies.

**3.** Is there a waiting period?
Yes, 30 days general waiting period; only accidental treatments are covered during this time.

**4.** Is there a free look period?
Yes, 14 days from plan start to review and cancel if desired.

**5.** Do I pay for treatment costs?
No. Cashless facility at 390+ network hospitals; EFU Life settles bills directly.

**6.** Are pre-existing conditions covered?
• 1st year: 25% of annual limit
• 2nd year: 50% of annual limit
• 3rd year onward: 100% of annual limit

**7.** Is a medical checkup required?
No medical checkup is not required its a hassle free enrollment process.

**8.** How can I file a claim?
• Cashless: Present your health card at a network hospital
• Reimbursement: Submit medical bills and documents to EFU Life

**9.** Are OPD expenses covered?
Yes, additional OPD coverage is available for the entire family on a reimbursement basis.

If you have any query regarding your EFU Cashless Health Protection Plan, you may contact EFU Life on below mentioned contact details

**Call Centre: (021) 111-4357-00**
**Email: customerrelations@efulife.com**

# EFU LIFE ASSURANCE LTD.

EFU Life House, Plot No. 112, 8th East Street, Phase I, DHA, Karachi, Pakistan

Tel: (021) 111-338-111 Email: csd@efulife.com

Registered Office: Al-Malik Centre 70 W, F-7/G-7 Jinnah Avenue,
(Blue Area) Islamabad, Phone: 051 - 2820989



# ای ایف یو کیش لیس ہیلتھ پروٹیکشن پلان

## تعارف

جاز کیش، ای ایف یو لائف کے اشتراک سے ای ایف یو کیش لیس (بغیر نقد رقم) ہیلتھ پروٹیکشن پلان متعارف کروا رہا ہے۔ یہ ایک سادہ اور قابلِ اعتماد ہیلتھ انشورنس حل ہے جو آپ اور آپ کے عزیزوں، بشمول شریکِ حیات، بچوں اور والدین، کو جامع مالی تحفظ فراہم کرتا ہے۔ یہ پلان ہسپتال میں داخلے کے علاج، ڈے کیئر علاج، زچگی کے اخراجات، اور پہلے سے موجود امراض (انشورنس پالیسی کی شرائط کے مطابق) کی کوریج فراہم کرتا ہے، تاکہ اچانک بیماری یا حادثے کی صورت میں مؤثر مالی تحفظ فراہم کیا جا سکے۔ پاکستان بھر میں 390 سے زائد نیٹ ورک ہسپتالوں میں کیش لیس (نقد رقم کے بغیر) علاج، او پی ڈی اخراجات کی واپسی (ری امبرسمنٹ)، اور ای ایف یو ایم ہیلتھ سروسز کے ذریعے یہ پلان کم سے کم دستاویزی کارروائی کے ساتھ آسان، تیز اور بنا کسی دشواری طبی سہولیات کو یقینی بناتا ہے۔

## ای ایف یو پروفائل

ای ایف یو لائف پاکستان کے نجی شعبہ جات میں ایک معروف لائف اور ہیلتھ انشورنس کمپنی ہے۔ 1992 میں پاکستان کی پہلی نجی لائف انشورنس کمپنی کی حیثیت سے ای ایف یو لائف نے گزشتہ 32 برسوں کے دوران قابلِ اعتماد مالی منصوبہ بندی اور تحفظ کی سہولیات فراہم کر کے ایک مستحکم ساکھ کی بنیاد رکھی۔ کمپنی اپنے کاروباری اُمور سیلز فورس، بینک انشورنس، گروپ لائف، اور گروپ ہیلتھ چینلز کے ذریعے انجام دیتی ہے، جبکہ مختلف آمدنی کے طبقات سے تعلق رکھنے والے صارفین کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے ریٹیل، ڈیجیٹل، اور جامع انشورنس مصنوعات کی وسیع رینج پیش کرتی ہے۔

## کوریج کا دائرہ کار کیا ہوگا؟

اس پروڈکٹ کا بنیادی مقصد انشورڈ فرد کو اچانک بیماری یا حادثاتی چوٹ کی صورت میں، جس کے نتیجے میں ہسپتال میں داخلہ درکار ہو، معیاری ہیلتھ انشورنس تحفظ فراہم کرنا ہے۔

## پروڈکٹ کی خصوصیات:

ہسپتال میں داخلے کے اخراجات کی کوریج

پاکستان بھر میں ای ایف یو لائف کے 390 سے زائد نیٹ ورک ہسپتالوں میں کیش لیس (بغیر نقد رقم) علاج

ڈے کیئر طریقہ علاج کی کوریج

او پی ڈی اخراجات کی واپسی (ری امبرسمنٹ)

حادثاتی طبی کوریج (او پی ڈی اور اِن پیشنٹ دونوں)

زچگی کے اخراجات (انشورنس پالیسی کی شرائط کے مطابق)

پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج (انشورنس پالیسی کی شرائط کے مطابق)

پوری فیملی کے لیے کوریج — خود، شریکِ حیات، بچے اور والدین

ای ایف یو ایم ہیلتھ سروسز تک رسائی

آسان اندراج

مناسب لاگت پر بہترین ویلیو کے ساتھ ہیلتھ پروٹیکشن

## اہلیت کے معیار

بالغ افراد (خود اور شریکِ حیات): عمر 18 تا 60 سال

بیٹے کے لیے: 3 ماہ کی عمر سے 25 سال تک

بیٹی کے لیے: 3 ماہ کی عمر سے شادی تک

والدین کی کوریج: زیادہ سے زیادہ عمر 70 سال تک

زچگی کے لیے اہل عمر: 18 تا 45 سال

نوزائیدہ بچوں کو اندراج کے ذریعے پلان میں شامل کیا جائے گا، تاہم کوریج کا آغاز 3 ماہ بعد ہوگا

## کمرہ کی سہولت اور سالانہ حد

تمام پلانز میں پرائیویٹ روم فراہم کیا جاتا ہے۔ آپ سالانہ کوریج کی حد دو لاکھ روپے، چار لاکھ روپے، یا چھ لاکھ روپے میں سے انتخاب کر سکتے ہیں، جس کے ذریعے آپ اپنی طبی ضروریات اور بجٹ کے مطابق موزوں ترین پلان منتخب کر سکتے ہیں۔

## ہسپتال میں داخلے کے دوران علاج:

انشورنس پالیسی کے تحت ہسپتال میں داخلے کے دوران درج ذیل اخراجات کور کیے جاتے ہیں:

- مقررہ اہلیت کے مطابق کمرہ کے اخراجات
- جنرل نرسنگ سروسز
- آئی سی یو/سی سی یو کے اخراجات
- معالج، ماہر ڈاکٹر اور سرجن کی فیس
- ادویات اور لیبارٹری ٹیسٹس
- آپریشن تھیٹر اور اینستھیٹسٹ (بے ہوشی کے ڈاکٹر) کے چارجز
- آکسیجن اور خون کی فراہمی

## پلان کی کوریج کی تفصیلات

## ای ایف یو کیش لیس ہیلتھ پروٹیکشن پلان

یہ پلان تین مختلف ویرینٹس میں دستیاب ہے، جس کے ذریعے آپ اپنی ضروریات کے مطابق موزوں پیکیج کا انتخاب کرسکتے ہیں۔ کوریج کی حد فلوٹر بنیاد پر فراہم کی جاتی ہے، جس کے تحت ایک ہی حد کے اندر پورے خاندان کو تحفظ حاصل ہوتا ہے۔

| پروڈکٹ کی خصوصیات | انفرادی | فیملی | فیملی پلس |
|---|---|---|---|
| ہسپتال اور کمرہ کی حد (سالانہ) | 200,000 | 400,000 (تمام افراد کے لیے) | 600,000 (تمام افراد کے لیے) |
| کورڈ ممبرز | انفرادی | فردِ واحد، شریکِ حیات اور 2 بچے | فردِ واحد، شریکِ حیات، 2 بچے اور والدین |
| کمرہ کی قسم | پرائیویٹ | | |
| اضافی حد (حادثے کی صورت میں ہسپتال میں داخلے پر) | 50,000 | 100,000 | 150,000 |
| اضافی او پی ڈی کوریج (ری ابرسمنٹ کی بنیاد پر، پوری فیملی کے لیے) | 2,500 | 5,000 | 10,000 |
| ڈے کیئر طریقہ علاج | شامل | | |
| خصوصی تحقیقات | ایم آر آئی, سی ٹی اسکین تھیلیم اسکین, پی ای ٹی اسکین, ایکو (دل کا الٹراساؤنڈ) | | |
| ہنگامی طبی انخلا | شامل | | |
| ہسپتال میں داخلے سے پہلے اور بعد کے اخراجات | 30 دن شامل | | |
| ایمرجنسی بین الاقوامی کوریج | شامل (بنیادی سالانہ حد کی دستیابی سے مشروط) | | |
| ایمرجنسی مقامی ایمبولینس | شامل | | |
| ایمرجنسی ہنگامی کوریج | شامل | | |
| ایمرجنسی دانتوں کا علاج | شامل | | |
| پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج | پہلا سال سالانہ حد کا 25 فیصد دوسرا سال سالانہ حد کا 50 فیصد تیسرا سال سالانہ حد کا 100 فیصد | | |
| زچگی نارمل ڈیلیوری کی حد | 20,000 | 40,000 | 60,000 |
| پیچیدہ یا معاون ڈیلیوری یا سیزیرین | 40,000 | 80,000 | 120,000 |
| ویلیو ایڈڈ خصوصیات | ای ایف یو ایم ہیلتھ اور لیبارٹری ڈسکاؤنٹس تک رسائی (پوری فیملی کے لیے مفت) شامل | | |
| سالانہ پریمیم | 10,000 | 25,000 | 49,500 |

## حادثاتی طور پر ہسپتال میں داخلے کی اضافی حد

اگر حادثاتی طور پر ہسپتال میں داخلے کے باعث آپ کی سالانہ کوریج کی حد ختم ہو جائے تو جاری علاج کے لیے (آپ کے پلان کے مطابق) ایک اضافی حد فراہم کی جائے گی۔ یہ سہولت صرف ان حادثات پر لاگو ہوگی جو ''حادثاتی ہسپتال میں داخلہ'' کے تحت درج ہوں۔

## اضافی او پی ڈی کوریج (ری امبرسمنٹ کی بنیاد پر):

یہ پلان پوری فیملی کے لیے ری امبرسمنٹ (رقم واپسی) کی بنیاد پر اضافی او پی ڈی کوریج فراہم کرتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ تحفظ شدہ بیماریوں کے لیے ڈاکٹر کے معائنے، تشخیصی ٹیسٹس اور تجویز کردہ ادویات کے اخراجات کلیم کر سکتے ہیں، اور اپنے پلان کی حد تک ادائیگی واپس حاصل کر سکتے ہیں، جس سے آپ روزمرہ طبی اخراجات کو سہولت کے ساتھ منظّم کر سکتے ہیں۔

## ڈے کیئر طریقہ علاج:

ہسپتال میں داخلے کے علاج کے علاوہ، یہ پلان مخصوص ڈے کیئر طریقہ علاج کے لیے کوریج فراہم کرتا ہے، یعنی ایسے طبی یا سرجری کے ذریعے علاج جن کے لیے ہسپتال میں داخلہ ضروری ہو مگر رات بھر قیام شامل نہ ہو۔ ان طریقہ علاج میں اینجیوگرافی، اینڈوسکوپیز، موتیئے کا آپریشن، ڈائلیسس، کیموتھراپی اور دیگر آپریشنز یا تشخیصی علاج وغیرہ شامل ہیں۔

## خصوصی تشخیصی معائنے

یہ پلان ہسپتال میں داخلے کے بغیر بھی مہنگے او پی ڈی تشخیصی ٹیسٹس اور خصوصی معائنے کا احاطہ کرتا ہے، جیسے ایم آر آئی، سی ٹی اسکین، تھیلیم اسکین، پی ای ٹی اسکین، اور ایکو۔ یہ سہولت جدید ٹیسٹنگ کے ذریعے بروقت تشخیص کو یقینی بناتی ہے، اور اطمینانِ قلب کے ساتھ مالی سہولت بھی فراہم کرتی ہے۔

## متفرق اخراجات

بنیادی فوائد کے علاوہ، یہ پلان ہنگامی حالات کے لیے اضافی کوریج فراہم کرتا ہے، جس میں درج ذیل شامل ہیں:

- مقامی ایمبولینس کے اخراجات
- ایمرجنسی طبی انخلا کی خدمات
- ایمرجنسی ڈینٹل علاج (درد میں آرام کے لیے)
- چوبیس گھنٹے، ہفتے کے ساتوں دن میڈیکل رہنمائی کی ہیلپ لائن (021)111-338-338
- ای ایف یو ایم ہیلتھ (mHealth) سروسز 042-111-333-033

## ہسپتال میں داخلے سے قبل اور بعد کے فوائد

یہ پلان ہسپتال میں داخلے سے متعلقہ او پی ڈی اخراجات کو کور کرتا ہے؛

- ہسپتال میں داخلے سے پہلے: کور کیے گئے ہسپتال میں داخلے سے پہلے 30 دن تک ڈاکٹر کے معائنے، ادویات اور ٹیسٹس۔
- ہسپتال سے ڈسچارج ہونے کے بعد: ڈسچارج کے بعد 30 دن تک اسی نوعیت کے اخراجات۔

### حادثاتی ایمرجنسی آؤٹ پیشنٹ علاج

حادثے کی صورت میں، یہ پلان زخموں کے فوری او پی ڈی علاج کی سہولت فراہم کرتا ہے، جیسے ٹانکے لگانا، زخم کی پٹی، ٹیٹنس کے انجیکشن، یا ایکس رے۔ اگر ہسپتال میں داخلہ ضروری نہ ہو، تب بھی یہ سہولت فراہم فراہم کی جاتی ہے۔ یہ سہولت حادثے کے 48 گھنٹوں کے اندر ایمرجنسی روم یا او پی ڈی میں حاصل کیے گئے علاج کا احاطہ کرتی ہے، جو بروقت علاج اور اطمینانِ قلب یقینی بناتا ہے۔

### ایمرجنسی بین الاقوامی کوریج

انشورنس پالیسی پاکستان سے باہر ایمرجنسی علاج پر ہونے والے اخراجات کی ادائیگی مخصوص شرائط وضوابط کے تحت کرتی ہے۔

### پہلے سے موجود بیماریوں کی کوریج

اس پلان کے تحت پہلے سے موجود طبی امراض کو کور کیا جاتا ہے۔

- پہلے سال: سالانہ حد کا 25 فیصد
- دوسرے سال: سالانہ حد کا 50 فیصد
- تیسرے سال اور اس کے بعد سے: سالانہ حد کا 100 فیصد

### ایم ہیلتھ (mHealth):

ہماری ایم ہیلتھ سہولت کے ذریعے آپ آسانی سے مستند ڈاکٹرز سے آن لائن مشاورت کر سکتے ہیں، ہسپتال جانے کی ضرورت نہیں۔ یہ گھر بیٹھے طبی مشورہ حاصل کرنے کا ایک آسان، تیز اور بغیر کسی دشواری ایک سہولت ہے۔

### زچگی (میٹرنٹی) کی کوریج:

یہ سہولت 18 سے 45 سال کی خواتین کے لیے 9 ماہ کے انتظار کی مدت کے بعد دستیاب ہے، اور نارمل اور سیزیرین دونوں ڈیلیوری کے اخراجات کور کرتی ہے، تاکہ آپ کو حمل کے دوران تحفظ اور بےفکری کے ساتھ مالی معاونت میسر ہو۔

### ہیلتھ کارڈ:

آپ کو اپنی انشورنس پالیسی کے ساتھ ایک ہیلتھ کارڈ فراہم کیا جائے گا جس میں آپ کی انشورنس پالیسی سے متعلق اہم معلومات درج ہوں گی۔ یہ ہیلتھ کارڈ ہمارے نیٹ ورک ہسپتالوں میں آپ کی شناخت ای ایف یولائف کے انشورڈ فرد کے طور پر کرے گا اور آپ کو کریڈٹ سہولت کا حق دے گا۔

### نیٹ ورک ہسپتال

ای ایف یولائف کے پاکستان بھر میں 390 سے زائد منظور شدہ ہسپتالوں پر مشتمل وسیع نیٹ ورک موجود ہے، جس سے معیاری طبی سہولیات تک رسائی ہمیشہ ممکن رہتی ہے۔

### نیٹ ورک ہسپتال:

- کراچی: آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، ساؤتھ سٹی ہسپتال، او ایم آئی، ڈاکٹر ضیاء الدین ہسپتال، لیاقت نیشنل ہسپتال
- اسلام آباد: شفا انٹرنیشنل ہسپتال، بلال ہسپتال
- لاہور: شوکت خانم ہسپتال، فاطمہ میموریل ہسپتال، اتفاق ٹرسٹ ہسپتال
- دیگر شہر: حیدرآباد، سکھر، کوئٹہ، پشاور، فیصل آباد، ملتان

ہسپتالوں کی مکمل فہرست کے لیے ہمارے نمائندے سے رابطہ کریں یا وزٹ کریں ہماری ویب سائٹ www.efulife.com/branch-locator

### نیٹ ورک ہسپتالوں کے فوائد

- پیشگی ادائیگی کیے بغیر معیاری علاج تک رسائی کی سہولت
- ایک سادہ پیشگی منظوری کے عمل کے ذریعے ای ایف یو لائف کی جانب سے براہِ راست بل کی ادائیگی
- مالی طور پر دباؤ سے آزادی، تاکہ آپ پوری توجہ اپنی صحت یابی پر دے سکیں

### ری امبرسمنٹ (رقم واپسی) کی سہولت

- اگر علاج نیٹ ورک سے باہر حاصل کیا جائے تو آپ پہلے ادائیگی کر کے بعد میں ری امبرسمنٹ (رقم واپسی) کلیم کر سکتے ہیں۔
- ری امبرسمنٹ (رقم واپسی) مناسب اور لاگو چارجز کی بنیاد پر ہوگی جو نیٹ ورک ہسپتالوں کے مساوی ہوں
- معیاری علاج اور بغیر کسی دشواری کلیم کے تصفیہ کے لیے ہماری جانب سے نیٹ ورک ہسپتالوں میں علاج کا مشورہ دیا جاتا ہے۔

### دیگر فوائد

**•24 گھنٹے میڈیکل ہاٹ لائن:**

ایمرجنسی کی صورت میں معاونت کے لیے چوبیس گھنٹے ڈاکٹرز تک رسائی حاصل کریں 338-338-111(021)

**• کسٹمر سروس:**

وضاحت اور انشورنس پالیسی سے متعلق معاونت فراہم کرنے کے لیے مخصوص کسٹمر ریلیشنز اسٹاف 00-4357-111-021

**• مربوط ہیلتھ کیئر:**

ہسپتال میں داخلے کے دوران بین الاقوامی طبی رہنما اصولوں کے مطابق، درست ڈاکٹر سے مناسب ترین علاج کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے۔

**• لیب ڈسکاؤنٹس:**

منتخب لیبارٹریز میں 30 فیصد تک خصوصی ڈسکاؤنٹس سے مستفید ہوں، جس سے مختلف ٹیسٹس اور طریقہ علاج کے اخراجات کم ہو جاتے ہیں۔

### ناقابلِ قبول امراض

یہ پلان (پہلے سے موجود) کینسر اور ایچ آئی وی/ ایڈز میں مبتلا افراد کے لیے دستیاب نہیں ہے۔

### مستثنیات:

درج ذیل علاج، واقعات، حالات، سرگرمیاں اور ان سے متعلق یا نتیجتاً ہونے والے اخراجات ممبرشپ میں شامل نہیں ہوں گے، جب تک کہ کمپنی کی جانب سے تحریری طور پر خصوصی طور پر اتفاق نہ کیا گیا ہو:

- ایسا کوئی بھی علاج یا آپریشن جسے "طبی طور پر غیر ضروری" قرار دیا جائے، جس میں پلاسٹک سرجری، اسپا علاج، بچوں کی پیدائش سے متعلق ٹیسٹس یا علاج، بانجھ پن، مانع حمل طریقے یا نس بندی، نیز ایسے مصنوعی اعضاء، اصلاحی آلات اور طبی آلات شامل ہیں جن کی سرجری درکار نہ ہوں۔
- پیدائشی نقائص یا پیدائشی بیماری (پیدائشی بیماریاں مستقل طور پر انشورنس سے خارج ہیں اور پہلے سے موجود بیماریوں کے تحت کور نہیں ہوں گی)
- خود کو نقصان پہنچانا، خودکشی کی کوشش، شراب نوشی، منشیات کا استعمال یا غلط استعمال، اور کسی بھی جنسی طور پر منتقل ہونے والی بیماریوں کا علاج۔
- ذہنی، نفسیاتی یا اعصابی امراض (بشمول کسی بھی قسم کی نیوروسس اور ان کے جسمانی یا نفسیاتی / جسمانی مظاہر) یا جنس کی تبدیلی (خواہ نفسیاتی وجوہات کی بنیاد پر ہو)۔ کوئی بھی تجرباتی یا غیر ثابت شدہ علاج۔

- مسلح افواج یا نیم فوجی دستوں میں خدمات انجام دیتے ہوئے یا کسی بھی نوعیت کی پولیس ڈیوٹی فرائض انجام دیتے ہوئے مشقوں یا آپریشنز میں شرکت۔
- قدرتی آفات یا وبائی امراض کے باعث ہونے والی چوٹ یا بیماری، جن میں، مگر ان تک محدود نہیں، سیلاب، زلزلہ، برفانی تودہ اور طوفان شامل ہیں۔
- پاکستان سے باہر حاصل کیا گیا علاج، سوائے ایمرجنسی کی صورت کے، اور بشرطیکہ وہ علاج دیگر اعتبار سے انشورنس پالیسی کے تحت کورڈ ہو اور کسی بھی استثنا میں شامل نہ ہو۔ کمپنی حد کی دستیابی سے مشروط، پاکستان میں کسی بھی نیٹ ورک ہسپتال میں ہونے والی علاج کی لاگت کے مطابق ایسے اخراجات کی ری امبرسمنٹ (رقم واپسی) کرے گی۔
- پہلے سے موجود زچگی سے متعلق صورتِ حال کورڈ ہوگی، تاہم زچگی کی نگہداشت کے فوائد کی حدود کے تحت نو (09) ماہ کی انتظار کی مدت سے مشروط ہوگا۔
- حمل ٹھرنے/ بانجھ پن اور اس سے متعلق علاج
- کوئی بھی کاسمیٹک سرجریز۔

## اکثر پوچھے جانے والے سوالات

### انشورنس کوریج کسے حاصل ہوگی؟

فردِ واحد، شریکِ حیات، اور زیادہ سے زیادہ 2 بچے (اہلیت سے مشروط)۔

### میٹرنٹی کے کون سے فوائد شامل ہیں؟

نارمل اور سیزیرین ڈیلیوری (سی-سیکشن) کورڈ ہے۔ 9 ماہ کی انتظار کی مدت لاگو ہوگی۔

### کیا انتظار کی مدت ہے؟

جی ہاں، 30 دن کی عمومی انتظار کی مدت؛ یعنی اس مدت کے دوران صرف حادثاتی علاج کور ہوگا۔

### کیا فری لُک مدت (رعایتی مدت) ہے؟

جی ہاں، پلان کے آغاز سے 14 دن تک نظر الثانی کر سکتے ہیں اور اگر آپ چاہیں تو پالیسی کو منسوخ کر سکتے ہیں۔

### کیا مجھے علاج کے اخراجات ادا کرنا ہوں گے؟

نہیں۔ 300 سے زائد نیٹ ورک ہسپتالوں میں کیش لیس (بغیر نقد رقم) سہولت دستیاب ہے؛ ای ایف یو لائف براہِ راست بل ادا کرتی ہے۔

### کیا پہلے سے موجود بیماریاں کور ہیں؟

- پہلے سال: سالانہ حد کا 25 فیصد
- دوسرے سال: سالانہ حد کا 50 فیصد
- تیسرے سال سے اور اس کے بعد: سالانہ حد کا 100 فیصد

### کیا میڈیکل چیک اپ ضروری ہے؟

کوئی میڈیکل چیک اپ ضروری نہیں ہے، یہ ایک بغیر کسی جھنجھٹ کے اندراج کا عمل ہے۔

### میں کلیم کیسے فائل کر سکتا/سکتی ہوں؟

- کیش لیس: نیٹ ورک ہسپتال میں اپنا ہیلتھ کارڈ پیش کریں
- ری امبرسمنٹ (رقم واپسی): میڈیکل بلز اور دستاویزات ای ایف یو لائف کو جمع کروائیں

## کیا او پی ڈی اخراجات کور ہیں؟

جی ہاں، پوری فیملی کے لیے ری مبرسمنٹ کی بنیاد پر اضافی او پی ڈی کوریج دستیاب ہے۔

اگر آپ کے ای ایف یو کیش لیس ہیلتھ پروٹیکشن پلان کے بارے میں کوئی سوال ہو تو آپ درج ذیل رابطہ کی تفصیلات کے ذریعے ای ایف یو لائف سے رابطہ کر سکتے ہیں:


ای ایف یو لائف اشورنس لمیٹڈ،

پلاٹ 112، 8 ویں ایسٹ اسٹریٹ، ڈی ایچ اے فیز 1، کراچی، پاکستان

کال سینٹر: (021)111-HELP-00 (021-111-435-700)

ای میل: customerrelations@efulife.com

## ای ایف یو لائف ایشورنس لمیٹڈ

ای ایف یو ہاؤس، پلاٹ نمبر 112، 8th اسٹریٹ، فیز ون، ڈی ایچ اے، کراچی، پاکستان۔

فیکس: 3453-7519 (021) ای میل: csd@efulife.com

رجسٹرڈ آفس: المملیک سینٹر W-70، ایف-7/جی-7 جناح ایونیو،

(بلو ایریا) اسلام آباد، فون: 051-2820989